# عرض مرتب

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**الحمدللّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین،أمابعد!**

بلاشبہ علما وفقہا اس امت کے چراغ ہیں، ان کے ذریعہ امت کی دینی وفکری راہ نمائی ہر دور میں رہی ہے اوران کی علمی کاوشوں خاص طور پر فتاویٰ نے خضر طریق کا کام کیا ہے۔ فتاویٰ کی اہمیت عہد نبوی سے لے کر آج تک مسلم آرہی ہے اور تاقیامت رہے گی۔

''فتاویٰ علماء ہند'' اسی زریں سلسلہ کی ایک مضبوط کڑی ہے، اللہ کا شکر ہے کہ اس کی توفیق سے مفتیان ہندوپاک کے فتاویٰ کا یہ مجموعہ احقر کے ذریعہ مرتب ہوکر شائع ہورہا ہے، اس کی ترتیب، تحقیق وتعلیق کا کام بہتر طور پر کرنے کی کوشش کی گئی ہے، میں شکرگذار ہوں اپنے ان تمام احباب کا جو اس کتاب کی تحقیق وترتیب اور مراجعت میں معاونت فرمارہے ہیں۔ اسی طرح اس موقع پر خاص طور سے محترمی ومعظمی انجنئر شمیم احمد صاحب کا، اور اپنے مخلص مولانا محمد اسامہ شمیم ندوی زیدمجدہ کا شکرگذار ہوں، جنہوں نے اردو کے علاوہ اس کے عربی اور انگریزی ترجمہ کا بھی بیڑہ اٹھایا ہے اور اس کی پہلی جلد کے ترجمے تکمیل کے مرحلہ میں ہیں، اللہ ان کی اس خدمت کو قبول فرمائے۔ یہ ایک بڑا منصوبہ ہے جس کی تکمیل کے لیے اللہ ہی سے مدد واستعانت چاہتا ہوں۔

الحمد للہ پہلی جلد طباعت کے بعد علما کے ہاتھوں میں جب پہونچی تو انہوں نے اسے پسند کیا اور اپنی آراء وتأثرات سے نوازا۔ اس میں سے چند تأثرات شامل کتاب ہورہے ہیں، ان تمام بزرگوں اور اصحاب علم کا شکرگذار ہوں جنہوں نے اسے دیکھا اور اپنے تأثرات سے نوازا۔

دوسری جلد بھی طہارت کے احکام ومسائل پر مشتمل ہے، طباعت کے مرحلہ سے گذرنے کے بعد آپ کے ہاتھوں میں ہے، انشاء اللہ اس کے بعد طہارت سے متعلق تیسری جلد پریس میں جائے گی۔

دعا گو ہوں کہ اللہ جل شانہ اپنے خصوصی فضل سے اسے قبول فرمائے اور ہماری لغزشوں کو معاف کرے اور امت کو اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہونچائے۔ (آمین یارب العالمین)

انیس الرحمٰن قاسمی
ناظم امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ

۱۹ / جمادی الأولیٰ ۱۴۳۵ھ
۲۰ / مارچ ۲۰۱۴ء روز جمعرات